نحن انصار اللہ

مجلس انصار اللہ کینیڈا کا ترجمان

اکتوبر تا دسمبر ۲۰۱۱



اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ
لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ؕ

عہد

مجلس انصاراللہ

میں اقرار کرتا ہوں کہ اسلام اور احمدیت کی مضبوطی اور اشاعت اور نظامِ خلافت کی حفاظت کے لیئے انشاءاللہ تعالیٰ آخردم تک جِد وجہد کرتا رہوں گا اور اس کے لیئے بڑی سے بڑی قربانی پیش کرنے کے لیئے ہمیشہ تیار رہوں گا۔ نیز میں اپنی اولاد کو بھی ہمیشہ خلافت سے وابستہ رہنے کی تلقین کرتا رہوں گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جلد نمبر: ۱۳ شمارہ نمبر: ۱
بابت: اکتوبر تا دسمبر ۲۰۱۱ ★ ۱۳۹۱ ہجری شمسی

نحنُ انصارُ اللہ

مجلس انصارُ اللہ کینیڈا کا تعلیمی، تربیتی و دینی مجلّہ

ناصر احمد وینس
تاریخ ___ مقام ___

ادارتی بورڈ

نیشنل امیر جماعتہائے احمدیہ کینیڈا
مکرم و محترم ملک لال خان

صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا
شفقت محمود

قائد اشاعت
محمد جاوید ظریف

نائب قائدین اشاعت
عمران لطیف شرما، سید منیر شاہ

مدیر۔اُردو
ناصر احمد وینس

مدیر۔انگلش
ڈاکٹر ساجد احمد

کمپوزنگ
محمد اشرف

ڈیزائننگ و پرنٹنگ
جیمنک گرافکس

فوٹوگرافی
عطاء القدوس۔محمود احمد چغتائی۔ندیم طاہر۔اسد سعید۔لطیف احمد ملک

فہرست مضامین

قرآن و حدیث 2
ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام 3
اداریہ 4
کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا تعارف 5
میرے والد سید مظفر شاہ صاحب 8
اسلام امن اور خوشحالی کا علمبردار 11
رپورٹ سالانہ اجتماع 14
کرشمۂ قدرت اور غیبی ضیافت! 27
چوہدری حمید اللہ صاحب کے ساتھ ایک نشست 28

دفتر اشاعت۔ ۱۰۰ احمدیہ ایونیو، میپل، اُنٹاریو، کینیڈا۔ L6A 3A4



قرآن مجید

وَوَصَّیۡنَا الۡاِنۡسَانَ بِوَالِدَیۡهِ اِحۡسٰنًا ؕ حَمَلَتۡهُ اُمُّهٗ كُرۡهًا وَّ وَضَعَتۡهُ كُرۡهًا ؕ وَحَمۡلُهٗ
وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوۡنَ شَهۡرًا ؕ حَتّٰۤی اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرۡبَعِیۡنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوۡزِعۡنِیۡۤ اَنۡ
اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰىهُ وَاَصۡلِحۡ
لِیۡ فِیۡ ذُرِّیَّتِیۡ ۚ اِنِّیۡ تُبۡتُ اِلَیۡكَ وَاِنِّیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ○

اور ہم نے انسان کو تاکیدی نصیحت کی کہ اپنے والدین سے احسان کرے۔ اسے اس کی ماں نے تکلیف کے ساتھ اُٹھائے رکھا اور تکلیف ہی کے ساتھ اُسے جنم دیا۔ اور اُس کے حمل اور دودھ چھڑانے کا زمانہ تیس مہینے ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ اپنی پختگی کی عمر کو پہنچا اور چالیس سال کا ہو گیا تو اس نے کہا اے میرے ربّ! مجھے توفیق عطا کر کہ میں تیری اس نعمت کا شکریہ ادا کرسکوں جو تُو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کی اور ایسے نیک اعمال بجالاؤں جن سے تُو راضی ہو اور میرے لئے میری ذرّیّت کی بھی اصلاح کر دے۔ یقیناً میں تیری ہی طرف رجوع کرتا ہوں اور بلاشبہ میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

الأحقاف آیت نمبر ۱۶

حدیث النبی ﷺ

حاملینِ قرآن اشرافِ اُمت ہیں

حضرت ابنِ عباس بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا:۔
میری اُمت کے معزز ترین لوگ حاملینِ قرآن اور رات کو عبادت کرنے والے ہیں

(شعب الایمان التاسع عشر باب فی تعظیم القرآن فصل فی تنویر مرضع القرآن)

ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی راہوں کی پیروی

میرے لئے اس نعمت کا پانا ممکن نہ تھا اگر مَیں اپنے سید و مولیٰ فخر الانبیاء اور خیر الوریٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی راہوں کی پیروی نہ کرتا۔ سو مَیں نے جو کچھ پایا۔ اُس پیروی سے پایا اور مَیں اپنے سچے اور کامل علم سے جانتا ہوں کہ کوئی انسان بجز پیروی اُس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خدا تک نہیں پہنچ سکتا اور نہ معرفت کاملہ کا حصہ پاسکتا ہے۔ اور مَیں اس جگہ یہ بھی بتلاتا ہوں کہ وہ کیا چیز ہے کہ سچی اور کامل پیروی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب باتوں سے پہلے دل میں پیدا ہوتی ہے۔ سو یاد رہے کہ وہ قلبِ سلیم ہے یعنی دل سے دنیا کی محبت نکل جاتی ہے اور دل ایک ابدی اور لازوال لذّت کا طالب ہو جاتا ہے۔ پھر بعد اس کے ایک مصفّٰی اور کامل محبت الٰہی بباعث اس قلبِ سلیم کے حاصل ہوتی ہے اور یہ سب نعمتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی سے بطور وراثت ملتی ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر ۲۲ حقیقۃ الوحی صفحہ نمبر ۶۴، ۶۵

انسانِ کامل ﷺ کے نام لیواؤں کے لیئے دعوتِ فکر

اداریہ
ایڈیٹر

جس وقت یہ سطور لکھی جارہی ہیں اسلامی کیلنڈر کے مہینہ ربیع الاول کے ایام گذر رہے ہیں۔ رحمت اللعالمین حضرت محمد ﷺ کی ولادت باسعادت کے حوالے سے ربیع الاول کا مہینہ تمام مسلمانوں کے لئے مسرتوں کا پیغام لے کر آتا ہے۔

اس ضمن میں اسلامی ممالک میں مسلمان اپنے اپنے طریق کے مطابق اس موقع پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہیں، گو اس اظہار کے لئے بالعموم وہی رسوم ورواج اور طریق اپنائے جاتے ہیں جو دنیا میں سالگرہ اور میلے ٹھیلے منانے کے لئے رائج ہیں۔ یہ ظاہری سرگرمیاں اکثر توجہ کو اُن بنیادی تقاضوں کی طرف متوجہ نہیں کرتیں جو اس اہم دن کو منانے کی اصل غرض ہونے چاہئیں۔

رحمت للعالمین حضرت محمد ﷺ کی ولادت باسعادت کا مہینہ بلاشُبہ ہمیں اُس عظیم انسان کے اسوۂ حسنہ اور اس کی تعلیمات کی طرف توجہّ دلاتا ہے جو انسان کامل کے ذریعے بنی انسان کو عطا ہوئیں۔ آپ ﷺ کی تعلیمات اور نمونہ کی پیروی میں ہی درحقیقت آج کے انسان کے لئے بالعموم اور ایک مسلمان کے لئے بالخصوص راہِ نجات اور دکھوں کا مداوہ مضمر ہے۔

آج ایک سوچنے والا جب انسانِ کامل کی امت کی مجموعی حالتِ زار پر نظر ڈالتا ہے تو یہ دیکھ کر فکر مند اور مضطرب ہو جاتا ہے کہ کس طرح خود اسلامی ممالک کے اندر ایک کلمہ گو کے ہاتھوں دوسرے کلمہ گو کی گردن کاٹی جارہی ہے۔ ہر روز اپنوں اور غیروں کے ہاتھوں خونِ مسلم نہایت بے دردی سے بہایا جارہا ہے۔ کہیں افغانستان، پاکستان اور عراق کی زمینیں خونِ مسلم سے سُرخ ہیں تو کہیں لیبیا اور شام میں سینکڑوں افراد زندگیوں سے ہاتھ دھو رہے ہیں۔ بلکہ خدا نہ کرے ایسا نظر آرہا ہے کہ بادِ مخالف کا رخ اب ایران کی طرف ہے۔

دنیا کے نقشے پر اسلامی ممالک کی تعداد تقریباً پچپن کے قریب ہے۔ ان میں سے ایران کے علاوہ صرف مشرقِ وُسطی کے خلیجی ممالک میں ہی دنیا کی تقریباً ساٹھ فیصد ضروریات کا تیل نکلتا ہے۔ اسی طرح بعض دیگر اسلامی ممالک بھی کئی قسم کے قدرتی وسائل سے مالا مال ہیں جن میں افرادی قوت بھی دنیا کی چوتھائی آبادی کے لگ بھگ ہے لیکن وائے حسرت کہ اعلیٰ تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی سے بے توجہی کے باعث یہ اہم تعداد محض ایک تعداد ہی بن کر رہ گئی ہے۔ حتیٰ کہ اسلامی ممالک اپنے خلاف پراپیگنڈے کے مؤثر ردّ پر بھی قادر نہیں اور اکثر اسلامی حکومتیں اپنے وجود کے تسلسل کے لئے دیگر طاقتوں کی طرف دیکھتی ہیں۔

اس دردناک صورتِ حال سے نجات کیسے ہوگی؟ وہ قوم جو خیرِ اُمت کہی گئی تھی کب اور کیسے دوبارہ دنیا کی قیادت کرنے کے قابل ہوگی؟ اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کا سورج کب طلوع ہوگا؟ عید میلاد النبی کے اس موقع پر انسانِ کامل ﷺ کے نام لیواؤں کے لیے یہ بات اب لازم ہے کہ وہ ان سوالات کو سنجیدگی سے لیں اور ان کے حل کے لئے آنحضور ﷺ کی پیشگوئیوں کے عین مطابق اپنے وقت پر آنے والے موعود امام کی جماعت کے جاری کردہ روحانی پروگرام میں شامل ہو کر اپنا عملی کردار ادا کریں۔ پس یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ اسلام کی نشاۃِ ثانیہ صرف اور صرف اس روحانی پروگرام سے وابستگی میں ہے جسکے متعلق خدا کے فرستادہ نے خدا سے خبر پا کر واشگاف الفاظ میں یہ خبر دے رکھی ہے کہ:۔

”اے وہ تمام لوگو سن رکھو کہ یہ اسکی پیشگوئی ہے جس نے زمین و آسمان بنایا۔ وہ اپنی اس جماعت کو تمام ملکوں میں پھیلادے گا اور حجت اور برہان کی رُو سے سب پر اُن کو غلبہ بخشے گا۔ وہ دن آتے ہیں بلکہ قریب ہیں کہ دنیا میں صرف یہی ایک مذہب ہوگا جو عزت کے ساتھ یاد کیا جائے گا۔ خدا اس مذہب (اسلام) اور اس سلسلہ میں نہایت درجہ اور فوق العادت برکت ڈالے گا اور ہر ایک کو جو اس کو معدوم کرنے کا فکر رکھتا ہے نامراد رکھے گا اور یہ غلبہ ہمیشہ رہے گا یہاں تک کہ قیامت آجائے گی“۔

(تذکرۃ الشہادتین صفحہ ۶۶، ۶۷)

کتب حضرت مسیح موعودؑ کا تعارف اوران کے مطالعہ کی اہمیت وبرکات

محمد محمود طاہر مدیر ماہنامہ انصاراللہ پاکستان

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

حضرت مسیح موعودؑ نے اشاعت دین کا سلسلہ شروع فرمایا تو ان طریق کو اختیار فرمایا جو اس دور میں مؤثر اور ضروری تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا جس میں صحف کی نشرو اشاعت ہو رہی تھی۔ مطبع کی ایجاد نے ایک انقلاب دنیا میں پیدا کیا۔ ایسے میں ہر طرف سے اسلام پر تحریر و تقریر کے ذریعہ یلغار ہونے لگی۔ اسلام اور بانی اسلام کی شان میں الزامات اور بہتان تراشی کا سلسلہ ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت دجالی طاقتیں شروع کئے ہوئے تھیں۔ ان حالات میں ضرورت تھی کہ کوئی مردِ میدان قلمی جہاد میں آتا اور حقائق و معارف اور دلائل قاطعہ و ساطعہ سے مخالفین دین کو زیر کر دیتا۔

اشاعت اسلام کی ایک شاخ:

اسلام کے بطل جلیل حضرت مسیح موعودؑ نے اشاعت اسلام کو منظم شکل میں شروع فرمایا تو اسکی پہلی شاخ سلسلہ تالیف کتب کو قرار دیا۔ آپؑ فرماتے ہیں:

''اس حکیم و قدیر نے اس عاجز کو اصلاح خلائق کیلئے بھیج کر ایسا ہی کیا اور دنیا کو حق اور راستی کی طرف کھینچنے کیلئے کئی شاخوں پر امر تائید حق اور اشاعت (اسلام) کو منقسم کر دیا۔ چنانچہ منجملہ ان شاخوں کے ایک شاخ تالیف و تصنیف کا سلسلہ ہے جس کا اہتمام اس عاجز کے سپرد کیا گیا اور وہ معارف و حقائق سکھلائے گئے جو انسان کی طاقت سے نہیں بلکہ صرف خدا تعالیٰ کی طاقت سے معلوم ہو سکتے ہیں اور انسانی تکلف سے نہیں بلکہ روح القدس کی تعلیم سے مشکلات حل کر دیئے گئے۔'' (روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۱۱-۱۲)

اس تحریر سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ حضرت مسیح موعودؑ کی کتب و تحریرات کی کس قدر اہمیت ہے۔ اوّل یہ کہ اشاعت اسلام کی پہلی شاخ قرار دی اور دوسری شاخ سلسلہ اشتہارات کو قرار دیا یہ بھی قلمی جہاد کا ایک طریق تھا اور تیسری شاخ مکتوبات کو شمار فرمایا۔ ان تحریرات کی جو قدر و قیمت اور اہمیت ہے وہ مندرجہ بالا تحریر سے عیاں ہے کہ یہ حقائق و معارف انسان کی طاقت سے نہیں بیان ہوئے بلکہ صرف خدا تعالیٰ کی طاقت سے معلوم ہو سکتے ہیں اور روح القدس کی تعلیم سے مشکلات حل کئے گئے ہیں۔

تائید ربانی سے لکھی ہوئی تحریریں:

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ اپنی معرکۃ الآراء تصنیف ازالہ اوہام میں اپنے کلمات کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''میں بڑے دعویٰ اور استقلال سے کہتا ہوں کہ میں سچ پر ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے اس میدان میں میری ہی فتح ہے اور جہاں تک میں دور بین نظر سے کام لیتا ہوں تمام دنیا اپنی سچائی کے تحت اقدام دیکھتا ہوں اور قریب ہے کہ میں ایک عظیم الشان فتح پاؤں کیونکہ میری زبان کی تائید میں ایک اور زبان بول رہی ہے اور میرے ہاتھ کی تقویت کیلئے ایک اور ہاتھ چل رہا ہے جس کو دنیا نہیں دیکھتی مگر میں دیکھ رہا ہوں۔ میرے اندر ایک آسمانی روح بول رہی ہے جو میرے لفظ لفظ اور حرف حرف کو زندگی بخشتی ہے''۔

(ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ ص ۴۰۳)

اپنے کلمات و تحریرات میں ربانی تائید کی شمولیت کے بارہ میں حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

''میں خاص طور پر خدا تعالیٰ کی اعجاز نمائی کو انشاء پردازی کے وقت بھی اپنی نسبت دیکھتا ہوں کیونکہ جب میں عربی یا اردو میں کوئی عبارت لکھتا ہوں تو میں محسوس کرتا ہوں کہ اندر سے مجھے تعلیم دے رہا ہے''۔ (نزول مسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ ص ۴۳۴)

کتب نہ پڑھنا ایک قسم کا تکبر:

اپنی کتب کے مطالعہ کی طرف متوجہ کرتے ہوئے حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

''وہ جو خدا کے مامور اور مرسل کی باتوں کو غور سے نہیں سنتا اور اسکی تحریروں کو غور سے نہیں پڑھتا اس نے بھی تکبر سے حصہ لیا ہے۔ سو کوشش کرو کہ کوئی حصہ تکبر کا تم میں نہ ہو تا کہ ہلاک نہ ہو جاؤ تا تم اپنے اہل و عیال سمیت نجات پاؤ''۔ (نزول مسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ ص ۴۰۳)

اپنی کتب کو کم از کم تین بار پڑھنے کا ارشاد ایک روایت میں ان الفاظ میں ملتا ہے:

''جو شخص ہماری کتب کو کم از کم تین دفعہ نہیں پڑھتا اس میں ایک قسم کا تکبر پایا جاتا ہے''

(سیرت المہدی جلد اول حصہ دوم ص ۳۶۵)

پھر فرماتے ہیں:

''سب دوستوں کیلئے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں کیونکہ علم ایک طاقت ہے اور طاقت سے شجاعت پیدا ہوتی ہے''۔ (ملفوظات جلد ۴ ص ۳۶۱)

حضور اقدسؑ نے مختلف اوقات میں اپنی بعض کتب مثلاً براہین احمدیہ، تذکرۃ الشہادتین، کشتی نوح، ازالہ اوہام اور حقیقت الوحی کے نام لے کر ان کے بغور مطالعہ کی تلقین بھی فرمائی۔

نزول ملائکہ کا ذریعہ:

حضرت مسیح موعودؑ کی کتب نزول ملائکہ کا بھی ذریعہ ہیں کیونکہ یہ تحریرات خاص تائید الٰہی سے تحریر کی گئی ہیں۔ ان کا مطالعہ کرنے والے بھی برکات و تائید الٰہی کے وارث بنیں گے حضرت مصلح موعودؓ بیان فرماتے ہیں:

"جو کتابیں ایک ایسے شخص نے لکھی ہوں جس پر فرشتے نازل ہوتے تھے ان کے پڑھنے سے بھی ملائکہ نازل ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت صاحب کی کتابیں جو شخص پڑھے گا اس پر فرشتے نازل ہونگے۔ یہ ایک خاص نکتہ ہے کہ کیوں حضرت صاحب کی کتابیں پڑھتے ہوئے نکات اور معارف کھلتے ہیں اور جب پڑھو جب ہی خاص نکات اور برکات کا نزول ہوتا ہے۔ براہین احمدیہ خاص فیضان الٰہی کے ماتحت مکمل کی گئی ہے۔ اس کے متعلق میں نے دیکھا ہے کہ جب کبھی بھی اس کو لے کر پڑھنے کیلئے بیٹھا ہوں اس کے صفحے نہیں پڑھ سکا کیونکہ اس قدر نئی نئی باتیں اور معرفت کے نکتے کھلنے شروع ہوجاتے ہیں کہ دماغ انہی میں مشغول ہوجاتا ہے تو حضرت صاحب کی کتابیں بھی خاص فیضان رکھتی ہیں۔ ان کا پڑھنا بھی ملائکہ سے فیضان حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔"

(ملائکۃ اللہ، انوار العلوم جلد ۵ ص ۵۶۰)

ہر احمدی گھر میں کتب موجود ہوں:

حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے حضور اقدس کی کتب خریدنے اور پھر ان کے مطالعہ کی ترتیب بھی بتائی کہ پہلے آخری زمانہ کی کتب پڑھیں۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

"ہر احمدی گھرانہ میں کتب حضرت مسیح موعودؑ موجود ہوں اور زیر مطالعہ ہوں اور انہیں بچوں کو پڑھانے کا انتظام ہو۔۔۔۔ احباب ہر تین ماہ میں کم از کم حضرت مسیح موعودؑ کی ایک کتاب ضرور خرید لیا کریں اور خریدنے کی ترتیب یہ رکھیں کہ حضورؑ نے جو آخری کتاب تصنیف فرمائی اسے پہلے خرید کر پڑھیں اور پھر اس سے قبل کی کتب علی الترتیب خریدتے چلے جائیں کیونکہ آخری دور کی کتب حضورؑ نے عوام کو مخاطب کر کے نہایت عام فہم اور آسان زبان میں تصنیف فرمائیں جب کہ ابتدائی زمانہ کی کتب علماء کو مخاطب کر کے لکھی گئیں جن کی وجہ سے وہ بہت گہری اور دقیق ہیں لیکن بہر حال وہ بیشمار اور نہایت لطیف اور پر معارف نکات پر مشتمل ہیں"۔ (الفضل ۲۹ ر اکتوبر ۱۹۷۷)

بابرکت تحریروں کا مطالعہ:

روحانی خزائن کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن ۲۰۰۸ء کی اشاعت کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے پیغام میں فرماتے ہیں:

"یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ہمیں اس امام مہدی اور مسیح محمدیؑ کو ماننے کی توفیق ملی اور ان روحانی خزائن کا ہمیں وارث ٹھہرایا گیا۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم ان بابرکت تحریروں کا مطالعہ کریں تاکہ ہمارے دل اور ہمارے سینے اور ہمارے ذہن اس روشنی سے منور ہو جائیں کہ جس کے سامنے دجال کی تمام تاریکیاں کافور ہو جائیں گی۔ اللہ کرے کہ ہم اپنی اور اپنی نسلوں کی زندگیاں ان بابرکت تحریرات کے ذریعہ سنوار سکیں اور اپنے دلوں اور اپنے گھروں اور اپنے معاشرے میں امن و سلامتی کے دیئے جلانے والے بن سکیں اور خدا اور اس کے رسول ﷺ کی محبت اس طرح ہمارے دلوں میں موجزن ہو کہ اس کے طفیل ہم کل عالم میں بنی نوع انسان کی محبت اور ہمدردی کی شمعیں فروزاں کرتے چلے جائیں۔ اللہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔"

حضور اقدسؑ کی کتب کے مختصر کوائف

حضرت مسیح موعودؑ کی تحریرات اس وقت ہمارے پاس کتب، ملفوظات، اشتہارات، مکتوبات اور تفسیر القرآن کی صورت میں مطبوعہ موجود ہیں۔ ان کے بارہ میں مختصر معلومات اور کوائف حسب ذیل ہیں:

روحانی خزائن:

حضرت اقدسؑ کی کتب کے مجموعہ کا نام "روحانی خزائن" ہے۔ روحانی خزائن ۲۳ جلدوں پر مشتمل ہے۔ ۲۳ جلدوں پر مشتمل سیٹ میں تمام کتب کے کل صفحات کی تعداد گیارہ ہزار سے زائد ہے۔ موجودہ کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن میں چند مزید تحریرات بھی روحانی خزائن میں شامل کی گئی ہیں۔ کل کتب کی تعداد ۹۰ بنتی ہے۔ حضور اقدسؑ کی کتب زیادہ تر اُردو زبان میں ہیں لیکن فصیح عربی کا آپ کو اعجازی نشان دیا گیا ہے۔ چنانچہ آپ نے فصیح و بلیغ عربی میں ڈیڑھ درجن کے قریب معرکۃ الآراء کتب تصنیف فرمائی ہیں۔ فارسی زبان میں آپ نے منظوم کلام بھی کہا ہے جو "درثمین فارسی" کے نام سے طبع شدہ ہے۔ اسی طرح آپ کا اُردو منظوم کلام "درثمین" کے نام سے اور عربی منظوم کلام "القصائد الاحمدیہ" کے نام سے شائع شدہ ہے۔ آپ کا منظوم کلام اعلیٰ پایہ کا عارفانہ کلام ہے جس میں حمد و نعت بھی ہے اور اخلاقی تعلیمات بھی۔

ملفوظات حضرت مسیح موعودؑ:

حضرت مسیح موعودؑ کی تقاریر اور روزمرہ کے کلمات طیبات کو ملفوظات کے نام سے شائع کیا گیا ہے۔ بیشتر ملفوظات ہمیں اخبار الحکم اور البدر کی مرہون منت ملے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ملفوظات شائع کرنے والوں کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ حضور اقدس کے پاکیزہ کلمات اور تاریخ احمدیت کے ماخذ کو ہمارے لئے محفوظ کیا۔ ملفوظات پہلے دس جلدوں میں شائع کی گئیں تھیں لیکن موجودہ ایڈیشن پانچ جلدوں پر مشتمل ہے۔

مجموعہ اشتہارات:

حضرت مسیح موعودؑ نے دینی مہمات کیلئے کتب کے علاوہ اشتہارات شائع کرنے کا بھی سلسلہ جاری فرمایا تھا۔ حضرت مسیح موعودؑ نے اشاعت دین کی دوسری شاخ اشتہارات کے سلسلہ کو قرار دیا۔ (روحانی خزائن جلد۳ص۱۳)

ان اشتہارات میں آپ کے دعاوی اور انکے دلائل، مخالفین کو چیلنجز اور اور مختلف تحریکات فرمائیں۔ یہ اشتہارات جہاں علمی خزانہ ہیں وہاں تاریخ احمدیت کا ایک اہم باب ہیں۔ ان اشتہارات کو افادہ عام کیلئے تبلیغ رسالت کے نام سے دس جلدوں میں شائع کیا گیا۔ اب یہ مجموعہ اشتہارات کے نام سے تین جلدوں میں شائع شدہ ہیں۔ جلد اوّل ۱۸۷۸ تا ۱۸۹۳، جلد دوم ۱۸۹۴ تا ۱۸۹۷، جلد سوم ۱۸۹۸ تا ۱۹۰۸ء کے اشتہارات پر مشتمل ہے۔

مکتوبات احمدیہ:

اشتہارات کے ساتھ ساتھ حضور اقدسؑ نے خطوط لکھنے کا بھی سلسلہ جاری رکھا ہوا تھا۔ حضور نے سلسلہ مکتوبات کو اشاعت دین کی چوتھی شاخ قرار دیا ہے۔ ان خطوط میں قیمتی معلومات اور مسائل سے عقدہ کشائی ہوتی ہے۔ حضور اقدس کے خطوط کو مکتوبات احمدیہ کے نام سے شائع کیا گیا ہے۔ مکتوبات احمدیہ کی جلدوں کی تعداد سات ہے

تفسیر حضرت مسیح موعودؑ:

حضرت مسیح موعودؑ کی جملہ تحریرات وتقاریر میں جابجا قرآن کریم کی تفسیر بیان کی گئی ہے۔ حضور نے تفسیر قرآن کے اصول بھی بیان فرمائے۔ تفسیر قرآن کا اعجازی نشان آپ کو عطا کیا گیا اور آپ نے تفسیر قرآن کا دوسروں کو چیلنج بھی دیا لیکن آپ کے مقابلہ کیلئے کوئی نہ آیا۔ حضرت مسیح موعودؑ کی تفسیر قرآن کا مجموعہ علیحدہ سے بھی مرتب کر دیا گیا ہے جو تفسیر مسیح موعود کے نام سے موسوم ہے اسکا موجودہ ایڈیشن چار جلدوں پر مشتمل ہے۔ جلد اوّل سورۃ فاتحہ تا سورۃ آل عمران، جلد دوم سورۃ النساء تا بنی اسرائیل، جلد سوم الکہف تا سورۃ الفتح جبکہ جلد چہارم سورۃ الحجرات سے سورۃ الناس کی تفسیر پر مشتمل ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حضرت مسیح موعودؑ کی کتب، ملفوظات، مکتوبات، اشتہارات اور تفسیر قرآن کا مطالعہ اور انکے مطالب سمجھنے کی توفیق دے اور ان علمی روحانی خزائن سے ہر آن استفادہ کرنے کی سعادت نصیب فرمائے اور اپنی اولاد میں بھی ان خزائن کو بانٹنے کی توفیق دے۔ آمین

گلدستہ اشعار
امام الوقت کی نذر!

لفظوں کو پھول کرنا کوئی تجھ سے سیکھ لے
نظروں سے جام بھرنا کوئی تجھ سے سیکھ لے

لہروں نے تیرے واسطے رستے بنا دیئے
طوفاں سے یوں نمٹنا کوئی تجھ سے سیکھ لے

تُو جائے اپنے ساتھ بہاریں لئے ہوئے
رنگِ خزاں بدلنا کوئی تجھ سے سیکھ لے

ہر لمحہ تیرے ہونٹوں پہ لفظوں کا اسطرح
مثلِ دُعا مچلنا کوئی تجھ سے سیکھ لے

تُو مثلِ روح پاک ہے تُو غُلامِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
راہِ خدا پہ چلنا کوئی تجھ سے سیکھ لے

جری الحق۔ احمدیہ آبوڈ آف پیس

میرے والدِ محترم سید داؤد مظفر شاہ صاحب کا ذکرِ خیر

یادِ رفتگان

سید طارق احمد

میرے والد سید داؤد مظفر صاحب محترم سید محمود اللہ شاہ صاحب کے بیٹے، حضرت ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحبؓ کے پوتے اور حضرت سید مولوی سرور شاہ صاحبؓ کے نواسے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے داماد، حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کے بہنوئی اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خسر تھے۔

ان کی زندگی میں واضح تر چیز ان کا عبادات میں انتہائی شغف تھا۔ نمازوں میں، نوافل میں، قرآن کریم کی تلاوت میں اور دعاؤں اور تسبیحات میں مصروف رہنا ان کی عادت تھی۔ عبادات میں اسی طرح کا شغف میری والدہ مرحومہ کو بھی تھا۔ کئی مرتبہ میں نے اس بات پر غور وخوض کیا کہ میرے والد صاحب اور والدہ محترمہ میں سے کون زیادہ عبادت گزار، قرآن کریم کی تلاوت کرنے والا اور دعائیں کرنے والا ہے لیکن انتہائی سچ کے ساتھ میں یہ بیان کرتا ہوں کہ میں کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچوں میں سے بھی زیادہ تر تہجد پڑھنے والے ہیں۔ والد صاحب کی یہ عادت تھی کہ وہ صبح کافی جلدی اٹھ جاتے تھے اور چائے تیار کر دیتے تھے تاکہ باقی جو لوگ تہجد کے لئے اٹھیں وہ اگر چائے پینا چاہیں تو پی لیں۔ چنانچہ ایسا ہوتا تھا کہ کوئی نہ کوئی پانی پینے یا چائے لینے وہاں آتا رہتا تھا۔ ایسے ہی ایک موقع پر یہ سوچ میرے ذہن میں آئی کہ اگر اس موقع پر کوئی ہمارے گھر میں آجائے تو شائد سوچے کہ یہاں ''رت جگا'' منایا جارہا ہے۔

ان کی ایک قابل رشک چیز جو نظر آتی ہے وہ ان کی یہ فطرت تھی کہ اگر کوئی ان کے خلاف کوئی غلط بات کرتا تھا تو اسے اس طرح معاف کر دیتے تھے کہ جیسے کوئی بات ہوئی ہی نہیں۔ جس طرح ایک سلیٹ پر لکھی ہوئی کوئی چیز اسپنج سے صاف کر دی جاتی ہے اسی طرح ان کے دل سے وہ بات صاف ہو جاتی تھی۔ ان کے پاس بیٹھے ہوئے کبھی بھی کوئی شکوہ کسی کے بارے میں نہیں سنا۔ والد صاحب میں انتہاء درجے کی سادگی اور خلوص تھا۔ ہر ایک کے لئے دلی ہمدردی کا سچا جذبہ تھا۔ چاہے کوئی بڑا ہو یا چھوٹا ہو ہر ایک سے بڑے خلوص سے ملتے تھے۔ ہمارے محلّہ میں ایک حافظ صاحب (نابینا) رہا کرتے تھے۔ انہوں نے مجھ سے یہ ذکر کیا کہ ان کو ناشتے کا مسئلہ ہے۔ دراصل وہ صبح دیر سے اٹھتے تھے۔ جب وہ اٹھتے تھے اس وقت گھر والے جہاں وہ رہتے تھے ناشتے سے فارغ ہو چکے ہوتے تھے اور سب کچھ ختم ہو چکا ہوتا تھا۔ میں نے والد صاحب سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ ان سے کہنا کہ وہ ہمارے گھر ناشتہ کر لیا کریں۔ چنانچہ میں نے ان سے کہہ دیا اور وہ ناشتہ ہمارے گھر کرنے لگ گئے۔ عموماً وہ دس، ساڑھے دس بجے آتے تھے ناشتہ کرنے کیلئے۔ اس کے بعد کچھ عرصہ ایسا آیا کہ ہم بچوں میں سے ان کے ناشتے کے وقت کوئی بھی وہاں نہیں ہوتا تھا۔ چنانچہ والد صاحب خود ان کو ناشتہ کروانے لگ گئے۔ پھر ایسا ہوا کہ آہستہ آہستہ ان کا ناشتے کے لئے آنے کا وقت آگے سے آگے جانا شروع ہو گیا۔ کبھی وہ گیارہ بجے آتے، کبھی ساڑھے گیارہ اور بعض اوقات بارہ ساڑھے بارہ بجے آتے۔ والد صاحب نے نوافل پڑھنے ہوتے تھے۔ وہ اس بات سے سہولت محسوس کرتے تھے کہ ان حافظ صاحب کو ناشتہ کروا کر یکسوئی سے نفل ادا کرسکیں۔ لیکن ان کا انتظار کرتے کرتے بعض اوقات والد صاحب کے نفل بھی رہ جاتے تھے میں اس وقت اسلام آباد میں ہوتا تھا۔ جب میں چھٹیوں میں ربوہ گیا تو والد صاحب نے مجھ سے اس بات کا ذکر کیا کہ حافظ صاحب اب بہت دیر سے آنے لگ گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے کئی بار ان کے نفل رہ جاتے ہیں۔ مجھ سے انہوں نے کہا کہ میں کسی طریقے سے ان سے یہ بات کروں کہ وہ جلدی آجایا کریں۔ انہوں نے مجھ سے یہ بھی کہا کہ وہ اس بات سے ڈرتے ہیں کہ اگر یہ بات انہوں نے کی تو ایسا نہ ہو کہ حافظ صاحب آنا ہی چھوڑ دیں۔ اور وہ یہ نہیں چاہتے کہ حافظ صاحب آنا چھوڑ دیں۔ میرے لئے بھی یہ ایک مشکل امر تھا کہ انہیں کس طرح میں یہ بات پہنچاؤں کہ وہ برا نہ مانیں اور آنا نہ چھوڑیں۔ چنانچہ میں نے ان کو ایک واقعے کے طور پر یہ ساری بات بتائی اور ان کے دیر سے آنے کی وجہ سے والد صاحب کو جو پریشانی ہوتی تھی اسکا ذکر کیا کہ کس طرح والد صاحب بار بار چکر لگا کر یہ چیک کرتے ہیں کہ آپ آگئے ہیں یا نہیں۔ جب تک آپ کو ناشتہ نہ دے دیں وہ نفل بھی شروع نہیں کر سکتے۔ اس طرح کئی بار ان کے نفل بھی رہ جاتے ہیں۔ یہ سارا واقعہ سن کر انہوں نے قہقہہ لگایا اور کہا "اللہ جزائے خیر دے"۔

والد صاحب جب سندھ میں تھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی زمینوں پر، اس وقت کسی نے حضور کو والد صاحب کے بارے میں کوئی غلط رپورٹ کر دی۔ والد صاحب نے حضورؓ کی خدمت میں لکھا کہ یہ رپورٹ بالکل غلط ہے اور اس میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ اور میں حضورؓ کی خدمت میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ حضورؓ دعا کریں کہ اگر یہ بات جو پہنچائی گئی ہے سچ ہے تو اللہ تعالیٰ مجھے اس دنیا سے اٹھالے۔ حضورؓ کی طرف سے یہ دلچسپ جواب موصول ہوا کہ تمہارا کیا خیال ہے کیا میں یہ دعا کروں کہ اللہ تعالیٰ میری بیٹی

کو بیوہ کردے! سندھ میں انہوں نے حفاظتی نقطہ نظر سے ایک رائفل اور ایک پستول رکھا ہوا تھا۔ شکار کے لئے ایک شارٹ گن بھی موجود تھی۔ ان کا نشانہ بھی انتہائی اچھا تھا۔

ایوب خان کے زمانہ میں بنیادی جمہوریت کے نظام کے تحت جب انتخابات ہوتے تھے تو گاؤں کے لوگ والد صاحب کے پیچھے پڑ جاتے تھے کہ آپ بھی انتخاب میں کھڑے ہوں۔ والد صاحب انکار کر دیتے تھے۔ لیکن وہ لوگ اس قدر پیچھے پڑتے تھے کہ مجبوراً وہ حامی بھر لیتے تھے اور ہر دفعہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کامیاب ہو جاتے تھے۔ ایک سال جب انتخاب ہونے لگے تو والد صاحب نے پکا ارادہ کر لیا کہ وہ انتخاب میں کھڑے نہیں ہوں گے۔ اس علاقے کا ایک اور آدمی تھا جو احمدی نہیں تھا وہ انتخاب میں کھڑا ہونا چاہتا تھا۔ والد صاحب نے لوگوں سے کہا کہ اس دفعہ اس شخص کو کھڑا ہونے دیں لیکن لوگ یہ بات تسلیم نہیں کر رہے تھے۔ چنانچہ والد صاحب نے کہا کہ قرعہ اندازی کر لیتے ہیں ۔ جب قرعہ نکالا گیا تو والد صاحب کے نام نکل آیا۔ والد صاحب نے کہا ایک دفعہ اور قرعہ اندازی کریں۔ دوسری دفعہ کا قرعہ بھی والد صاحب کے نام نکل آیا۔ اس پر والد صاحب نے کہا کہ تیسری اور آخری مرتبہ قرعہ اندازی کریں۔ اس میں بھی اگر قرعہ میرے نام نکلا تو میں آپ لوگوں کی بات مان لوں گا۔ جب تیسری مرتبہ قرعہ اندازی ہوئی تو قرعہ دوسرے شخص کے نام نکلا۔ وہ شخص چائے پی رہا تھا۔ اس قدر خوش ہوا کہ اس کے ہاتھ کانپنے لگ گئے اور چائے کی پیالی اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر گری اور ٹوٹ گئی۔ لیکن بدقسمتی سے وہ الیکشن ہار گیا۔

اپنے کمرے میں والد صاحب نے مہمان نوازی کیلئے کئی قسم کی چیزیں رکھی ہوتی تھیں۔ چاہے کوئی چھوٹا ملنے آئے یا بڑا فوراً اس کو کھانے کے لئے کچھ پیش کر دیتے تھے۔ چھوٹے بچوں کو بھی یہ پتہ ہوتا تھا کہ والد صاحب کے کمرے سے کچھ نہ کچھ کھانے کو مل جائے گا اس لئے ہمارے گھر آتے ہی سب سے پہلے والد صاحب کے کمرے کا رخ کرتے تھے۔ بعض اوقات جب والد صاحب کمرے میں نہیں بھی ہوتے تھے تو خود ہی کچھ نہ کچھ وہاں سے لے لیتے تھے۔ والد صاحب والدہ مرحومہ کا انتہائی خیال رکھتے تھے۔ ایک اور خوبی ان میں یہ تھی کہ وہ کام کو جلد از جلد نمٹا لیتے تھے۔ انصاراللہ کے پرچے جس دن ملتے تھے کوشش کرتے تھے کہ اسی دن حل کر کے اگلے دن واپس جمع کروا دیں۔ اسی طرح کئی مرتبہ جماعتی طور پر کچھ رپورٹس تیار کرنے کے لئے ان کے حوالے کی جاتی تھیں یا بعض اوقات طلباء کے مقالہ جات چیک کرنے کے لئے ان کے پاس آتے تھے تو جلد سے جلد کام مکمل کر کے بھجوا دیتے تھے۔ ان کی زندگی برق رفتار ماحول (Fast Paced) کا ایک عمدہ نمونہ تھی جس کی جھلک ان کے روز مرّہ کے ہر کام میں نظر آتی تھی۔

ایک عجیب بات میں نے یہ نوٹ کی ہے کہ اپنے خوابوں میں جب بھی میں والد صاحب کو دیکھ لوں تو ہمیشہ خدا تعالیٰ کے فضل سے کامیابی ہی ملتی ہے۔ بظاہر کوئی کام خراب بھی ہو رہا ہو اور میں والد صاحب کو دیکھ لوں تو اس خراب شدہ کام میں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم نقصان سے بچ جاتے ہیں۔ اسی پس منظر میں دو واقعات درج کرتا ہوں۔

میں نے اسلام آباد میں قائد اعظم یونیورسٹی میں فزکس میں ایم ایس سی میں داخلہ لیا تھا۔ وہاں مجھے کمپیوٹر سائنس کے بارے میں پتہ چلا تو میں نے سوچا کہ میں فزکس چھوڑ کر کمپیوٹر سائنس میں داخلہ لے لیتا ہوں۔ چنانچہ میں نے اپلائی کر دیا۔ ان دنوں کمپیوٹر سائنس میں ایم ایس سی کروانے والے ادارے پاکستان میں صرف چند ایک ہی تھے اس لئے داخلے کے وقت بے انتہاء کمپیٹیشن (competition) ہوتا تھا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ایک خط آیا ہے اور ساتھ ہی میں نے خواب میں اپنے والد صاحب کو دیکھا۔ اس سے مجھے یقین ہو گیا کہ انشاءاللہ تعالیٰ مجھے داخلہ مل جائے گا۔ میں نے ایک دو کتابیں ٹیسٹ اور انٹرویو کی تیاری کے لئے میز پر رکھی ہوئی تھیں ۔ خواب دیکھنے کے بعد میں نے وہ واپس الماری میں رکھ دیں اور بالکل مطمئن ہو گیا اور کسی کتاب کو کھول کر بھی نہیں دیکھا۔ میرے بعض ملنے والے اور بعض جن سے وہاں پر ہی کچھ واقفیت ہوئی تھی وہ دن رات ٹیسٹ اور انٹرویو کی تیاری میں مصروف تھے۔ جب رزلٹ آیا تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے میرا ایڈمیشن ہو گیا تھا اور وہ باقی سب جو دن رات تیاریوں میں لگے ہوئے تھے وہ رہ گئے۔ ان میں سے بعض نے اس بات کا اظہار بھی کیا کہ ہم دن رات تیاری کرتے رہے لیکن ہمیں ایڈمیشن نہیں ملا لیکن اس نے (یعنی میں نے) کوئی تیاری بھی نہیں کی اور اس کو ایڈمیشن مل گیا ہے۔

دوسرا واقعہ یہ ہے کہ ایک دفعہ ہم کوئٹہ میں تھے اور عید کے موقع پر ربوہ جانا تھا۔ عید سے تین دن پہلے کی میں نے ٹرین میں بکنگ کروائی۔ ان دنوں بکنگ کروانے کے لئے ون ونڈو اپریشن نہیں ہوتا تھا۔ پہلے بکنگ آفس سے چیک کرتے تھے کہ سیٹیں ہیں یا نہیں۔ اگر سیٹیں ہوتی تھیں تو بکنگ آفس والے ایک چٹ دے دیتے تھے کہ سیٹیں ہیں ۔ وہ چٹ لے کر ٹکٹ والے آفس جانا پڑتا تھا۔ وہاں سے ٹکٹ خرید کر دوبارہ بکنگ آفس میں جانا ہوتا تھا۔ بکنگ آفس والے اس ٹکٹ کا اندراج کرتے تھے۔ تب بکنگ کا کام مکمل ہوتا تھا۔ میں نے بکنگ آفس سے چیک کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیٹیں ہیں اور مجھے چٹ دے دی۔ میں نے ٹکٹیں خرید لیں۔ یہ بات میرے ذہن سے بالکل نکل چکی تھی کہ اندراج کے لئے واپس بکنگ آفس بھی جانا ہے ۔ میں وہ ٹکٹیں لے کر بغیر اندراج کروائے گھر آ گیا اور سنبھال کر رکھ لیں۔ جانے سے چند دن پہلے میں نے خواب میں دیکھا کہ ہم لوگ جب ریلوے سٹیشن پہنچے ہیں تو وہاں کوئی عجیب پریشانی والی صورتحال پیدا ہو گئی ہے۔ لیکن اسی خواب میں، میں نے والد صاحب کو بھی دیکھا۔ اس سے مجھے کچھ تسلی تھی کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مدد فرمائے گا۔ جانے کے لئے جب ہم ریلوے سٹیشن پہنچے

تو ٹرین پلیٹ فارم پر آ چکی تھی اور لوگ جلدی جلدی اس میں سوار ہو رہے تھے۔ میں ٹکٹیں لے کر ریلوے افسر کے پاس گیا جو بتا رہا تھا کہ کس ڈبے میں سوار ہونا ہے۔ اس نے ہمارے ٹکٹ دیکھے اور کہا کہ یہ تو صرف ٹکٹ ہیں ان پر تو کوئی ریزرویشن نہیں ہوئی۔ پہلے مجھے اس کی بات کی سمجھ نہیں آئی۔ میں نے اسے کہا کہ میں نے پندرہ دن پہلے بکنگ کروائی تھی۔ اس نے کہا کہ اس کا اندراج بکنگ آفس میں کیوں نہیں کروایا۔ اس وقت مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ اس ریلوے افسر نے کہا کہ اب میں کچھ نہیں کر سکتا۔ بکنگ آفس جاؤ اگر وہ کچھ کر سکیں تو ٹھیک ہے۔ اس وقت ایک عجیب پریشانی والی صورت پیدا ہو گئی تھی۔ ٹرین پلیٹ فارم پر کھڑی تھی۔ لوگ دھڑا دھڑ اس میں سوار ہو رہے تھے۔ میں جلدی سے بکنگ آفس گیا انہوں نے کہا ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ اپنی ٹکٹیں کینسل کروا کر دوبارہ سیٹیں بک کروالو۔ لیکن یہ ممکن ہی نہیں تھا کہ عید کے دنوں میں ہمیں عید سے اگلے دن کی بھی کوئی سیٹ مل سکے۔ چنانچہ ہم نے اپنا سامان لیا اور ایک ڈبے میں سوار ہو گئے۔ ڈبّے کے اندر سیٹوں پر تو لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ ہم باہر گیلری میں کھڑے ہو گئے۔ جب ٹکٹ چیکر آیا تو اس نے مجھ سے پوچھا کہ یہاں کیوں کھڑے ہو۔ میں نے اسے صورت حال بتائی۔ اس نے بھی یہی کہا کہ بڑی سخت غلطی کی ہے کہ ٹکٹوں کا اندراج نہیں کروایا۔ اس نے اپنی نوٹ بک کے صفحے آگے پیچھے کئے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا بے انتہاء احسان تھا کہ جس ڈبے میں ہم کھڑے تھے اسی کے اندر سے تین سیٹیں (Full Berths) نکل آئیں۔ وہ اس نے ہمیں الاٹ کر دیں۔ ہمارے بچے اس وقت چھوٹے تھے۔ تین سیٹیں ہمارے لئے بہت کافی تھیں۔ ٹکٹ چیکر نے جاتے ہوئے یہ بات کہی کہ آپ لوگ بہت خوش قسمت ہیں کہ یہ سیٹیں نکل آئی ہیں ورنہ عید کے دنوں میں یہ ممکن ہی نہیں تھا کہ ایک سیٹ بھی مل سکتی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارا سارا سفر انتہائی آرام سے کٹ گیا۔

یہ دو واقعات میں نے صرف مثال کے کئے بیان کیئے ہیں جبکہ بلا مبالغہ ایسے سینکڑوں واقعات ہیں جن میں میرے والد صاحب مجھے خواب میں نظر آئے۔ اللہ تعالیٰ نے یا تو ان معاملات میں کامیابی عطاء فرمائی یا ہمیں نقصان سے محفوظ رکھا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محترمہ والدہ صاحبہ اور محترم والد صاحب دونوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطاء فرمائے اور ان کی نیکیوں کو نسل در نسل آگے منتقل فرماتا چلا جائے۔ آمین۔

ایک جامع دُعا

از محمد محسن چوہان۔ پیس ویلیج سنٹر

اَللّٰھُمَّ انْصُرْ مَنْ نَّصَرَ دِیْنَ محمد ﷺ وَاجْعَلْنَا مِنْھُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنِ محمد ﷺ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ۔

اے اللہ جو محمد ﷺ کے دین کی مدد کرے۔ اسکی مدد فرما اور ہمیں ان میں سے بنا دے۔ اور جو محمد ﷺ کے دین کو رسوا کرے اسے رسوا کردے اور ہمیں ان میں سے نہ بنا۔

مکرم محمود احمد قریشی صاحب ایک لمبا عرصہ تک سمن آباد لاہور کے صدر رہے ہیں۔ عربی میں ایم اے کرنے کی وجہ سے بھی عربی زبان پر عبور حاصل تھا۔ اکثر اجتماعی نماز تہجد میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ خاکسار نے اس سلسلہ میں مکرم رانا حافظ منظور احمدؒ لائبریرین سے ذکر کیا۔ تو انہوں نے ذکر کیا کہ شہزادہ عبداللطیف صاحب شہیدؓ کے بیٹے شہزادہ طیب صاحب اکثر نماز پڑھاتے وقت اکثر جو آیات رحمت پر **وَاجْعَلْنَا مِنْھُمْ** پڑھا کرتے تھے۔ اور آیات عذاب پر **وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ** پڑھا کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ہر نیکی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین

اسلام امن وخوشحالی کا علمبردار

قریشی فائق محی الدین عامر۔ کراچی

ظہورِ اسلام سے قبل عربوں کی تاریخ سے کون واقف نہیں باہمی بغض و عناد نے کئی قبائل کا صفایا کر دیا۔ باہمی ظلم وتعدی کے سبب قبائل میں قتل و غارت گری صدیوں پر محیط رہی۔ ایک ہی ملک کے باشندے ہونے کے باوجود عام انسانی ہمدردی عفو ودرگزر، حسن معاشرت اور امن وعامہ کا فقدان تھا جس کے سبب معاشی ترقی اور معاشی رکھ رکھاؤ کہیں دور دور تک دکھائی نہیں دیتا تھا۔ امر واقعہ یہ ہے کہ اس زمانہ میں عرب کا یہ علاقہ نہایت پستی اور کثیر الجہتی مشکلات و مصائب کی بے مثل آماجگاہ تھی جس کی نظیر پیش نہیں کی جاسکتی تھی۔ عرب جس بات پر اڑ جاتے کبھی نہ ٹلتے تھے اور کسی دوسری قوم یا قبیلہ کے تابع رہنا ان کے ضمیر کا جزو ہی نہ تھا۔

مشیتِ ایزدی نے اس علاقہ کو اپنے پھر سے ظہور کیلئے منتخب فرمایا اور ظہورِ اسلام سے اخلاق فاضلہ ایسی دلکشی سے ظاہر ہوئے کہ پشتوں کے بگڑے الٰہی رنگ پکڑ گئے۔ انہوں نے اپنے دلوں کو ایسا پاک وصاف کیا اور ایک ایسا دائمی انقلاب ان کے دلوں میں پیدا ہوا کہ دل وجان سے انہوں نے خدا اور اس کے رسول ﷺ کی پیروی کی اور یوں اللہ تعالیٰ کے انعامات وعنایات کے وارث کیئے گئے۔ ایمان کامل سے مزین یہ اقلیت رفتہ رفتہ اکثریت میں تبدیل ہونے لگی۔ دراصل اسلام کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے بین المذاہب صلح کی عظیم الشان بنیاد ڈالی اسلام نے تمام بنی نوع سے مروت اور حسن سلوک کی تعلیم دی کہ وہ دین دین نہیں اور وہ انسان انسان نہیں جس میں باہمی ہمدردی کا مادہ نہیں۔ لفظ انسان انس سے نکلا ہے اور انسان کے معنی ہیں دو۲ محبتیں کرنیوالا یعنی ایک محبت اپنے خالق سے اور دوسری محبت مخلوق سے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو اسی آیتِ مبارکہ سے شروع کیا کہ الحمدللہ رب العالمین۔ یعنی تمام کامل اور پاک صفات اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہیں جو تمام عالموں کا رب ہے عالم کے لفظ میں تمام اقوام عالم اور مختلف زمانے اور مختلف ممالک سب شامل ہیں۔ درحقیقت اللہ تعالیٰ نے ان تمام قوموں کے اس خیال کو ہمیشہ کیلئے رڈ کر دیا ہے جو اللہ تعالیٰ کی عام ربوبیت اور فیضان کو اپنی ہی قوم تک محدود خیال کرتے تھے جیسے یہودیوں اور عیسائیوں کا اب تک یہی خیال ہے کہ انبیاء اور رسول صرف یہود کے خاندان یعنی بنی اسرائیل ہی سے آتے ہیں اور دوسرے بنی آدم کو پیدا کر کے اللہ تعالیٰ نے رڈی چیز کی طرح چھوڑ دیا ہے اور ان کی کچھ بھی پرواہ نہیں کی۔ انجیل میں لکھا ہے کہ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ”میں صرف بنی اسرائیل کی بھیڑوں کیلئے آیا ہوں (انجیل یوحنا باب ۱۰ آیت نمبر ۱۶) جبکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے ”یقیناً ہم نے تجھے (اے محمد ﷺ) حق کے ساتھ بشیر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے اور کوئی امت نہیں مگر ضرور اس میں کوئی ڈرانے والا گزرا ہے“ (سورہ فاطر آیت ۲۵)

چنانچہ اس آیت مبارکہ کے ذریعہ یہودیوں اور عیسائیوں کے اس خیال کو ہمیشہ کیلئے رڈ کر دیا ہے کہ انبیاء اور رسول صرف بنی اسرائیل ہی سے آتے ہیں اور دوسرے تمام بنی نوع انسان کی اللہ تعالیٰ نے کچھ پرواہ ہی نہیں کی۔ پس اس طرح سے قرآن مجید نے پہلی امتوں یعنی غیر مسلم ادیان اور اسلام میں صلح قائم کر دی ہے کہ وہ سچا اور کامل خدا جس پر ایمان لانا ہر ایک بندہ پر فرض ہے وہ رب العالمین ہے اور اس کی ربوبیت کسی خاص قوم یا ملک تک محدود نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فیض عام ہے جو تمام قوموں ملکوں اور تمام زمانوں پر محیط ہے وہ تمام قوموں اور تمام زمانوں کا رب ہے۔ یہ اس لئے کہ کسی قوم کو شکایت کا موقع نہ ملے وہ نہ تو صرف رب بنی اسرائیل ہے اور نہ ہی صرف رب المسلمین جیسے بعض مسلمانوں نے گمان کر رکھا ہے۔ پس جس طرح ہر آدم خدا تعالیٰ کا تخلیق کردہ ہے بعینہ تمام ادیان بھی من جانب اللہ ہی ہیں۔ پھر فرمایا ”پس ہم نے بعض انبیاء کو بعض پر فضیلت دی“ (البقرہ آیت ۲۵۴) ۔ چنانچہ انبیاء علیہم السلام کی تاریخ پر سرسری نظر ڈالنے ہی سے آپ حیران رہ جاویں گے کہ اللہ تعالیٰ نے صرف اور صرف ہمارے پیارے آقا ومولا سیدنا حضرت محمد مصطفی ﷺ ہی کو رحمت اللعالمین قرار دیا ہے اور یہ اعزاز صرف اور صرف آپ ﷺ ہی کے حصہ میں آیا ہے اور کسی نبی کو رحمت اللعالمین قرار نہیں دیا گیا اور آپ ﷺ سے ایسے اخلاق فاضلہ ظاہر ہوئے کہ دوسرے ادیان اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہیں۔ اسلام اولاً آنحضرت ﷺ کی قوتِ قدسیہ اور اخلاق فاضلہ سے اور پھر ثانیاً صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے عملی نمونہ سے پھیلا اور پھیلتا چلا گیا۔ فتح مکہ کے روز اس رحمت اللعالمین نے اپنے تمام ذاتی اور اسلام دشمنوں کو بیک جنبش لب عام معافی کے اعلان کے ذریعہ معاف فرما دیا۔ فرمایا لا تثریب علیکم الیوم۔ چنانچہ اس اعلان سے اس الزام کا بطلان ہو جاتا ہے جو یہ الزام اسلام اور بانی اسلام ﷺ پر لگایا جاتا ہے کہ نعوذ باللہ اسلام تلوار کے زور پر پھیلا تھا۔ تمام انسانی تاریخ ایسی عظیم الشان فتح کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے کہ ایک قطرۂ خون بہائے بغیر کبھی کسی کو ایسی عظیم الشان فتح نصیب ہوئی ہو۔ ایسا عظیم المرتبت جرنیل ہمارے آقاء ومولا سیدنا حضرت محمد ﷺ کے سوا نہ کبھی ہوا اور نہ آئندہ تاریخ انسانی اس کی نظیر پیش کر سکے گی۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کیا خوب فرمایا ہے!

بھیج دُرود اُس محسن پر تُو دن میں سو سو بار
پاک محمدؐ مصطفےٰ نبیوں کا سردار
(درثمین)

کسی بھی معاشرہ میں امن خوشحالی کی ضمانت ہے۔ جہاں امن ہوگا وہاں خوشحالی ہوگی اور جس معاشرہ سے امن اٹھ جائے وہ معاشرہ کثیر الجہتی مشکلات ومصائب کی آماجگاہ بن جاتا ہے۔ ایسے معاشرہ اور ملک کو تباہ وبرباد کرنے کیلئے پھر اور کسی چیز کی حاجت نہیں رہتی۔ دیکھو ظہور اسلام کے بعد عربوں کو امن نصیب ہوا تو وہ خوشحال ہوگئے۔ ہمارے وطن عزیز میں جب تک امن رہا ہم نے خوب ترقی کی۔ ایک نوزائیدہ مملکت جس کا انحصار فقط زراعت تھی۔ پھر صنعتی میدان میں ترقی کرنے لگا رفتہ رفتہ برآمدات ہونے لگیں اور پھر برآمدات میں ہم نے خوب ترقی کی۔ لیکن گذشتہ چند دہائیوں سے جب امن وامان میں خلل واقع ہونے لگا ہماری صنعتی ترقی رک گئی۔ آج یہ حالت ہے کہ لوگ مجبور ہیں اپنی صنعتی مشینریاں اکھاڑ اکھاڑ کر دوسرے ملکوں میں نصب کرنے لگے ہیں۔

امسال اگست کا مہینہ جو رمضان المبارک کا بھی مہینہ رہا ہے کراچی میں خونِ مسلم کی ارزانی حیرت ناک رہی۔ اہالیان کراچی نے نہ چاہتے ہوئے بھی وہ کچھ دیکھا جو ہم آئندہ کبھی نہ دیکھنا چاہیں گے۔ خونِ مسلم مسلمانوں کے ہاتھوں بہایا گیا۔ امر واقعہ یہ ہے کہ ان حالات کی پیش خبری بھی ہمارے آقا ومولا سیدنا حضرت محمد ﷺ نے فرمادی تھی۔ چنانچہ ذیل میں ہم مشکوٰۃ شریف سے ایک حدیث پیش کرتے ہیں۔ ترجمہ

’’اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔۔۔ فرماتے ہیں کہ ’’رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قریب ہے کہ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں اسلام کا صرف نام ہی باقی رہ جائے گا اور قرآن کے صرف نقوش ہی باقی رہیں گے ان کی مساجد (بظاہر) آباد ہوں گی لیکن درحقیقت ہدایت سے خالی ہوں گی۔ ان کے علماء زیرِ آسمان مخلوق میں سے بدتر ہوں گے۔ انہی سے فتنے اٹھیں گے اور انہی میں لوٹا دیئے جائیں گے‘‘۔ (مشکوٰۃ شریف جلد اوّل ص ۹۴ علم کا بیان)

ممکن ہے کہ بعض لوگ اعتراض کریں کہ حدیث ضعیف ہے۔ سو ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ اس حدیث مبارکہ میں بیان فرمودہ ہر پیشگوئی آج لفظ بہ لفظ آئے دن ہمارے معاشرے میں تواتر کے ساتھ پوری ہوتی دکھائی دیتی ہے اور ہم سب اور ہمارے اخبارات ان حالات وواقعات کے چشم دید گواہ ہیں۔ اب کوئی منصف مزاج اس حدیث مبارکہ کی صداقت سے انکار کرنے کی جرأت ہی نہیں کرسکتا۔

قرونِ اولیٰ کی مساجد سے تو معاشروں میں امن پھیلا کرتے تھے۔ مساجد تو ذکر الٰہی اور عبادات کیلئے مخصوص ہوتی تھیں۔ مساجد تو اتحاد اور یکجہتی کی علامت ہوتی ہیں۔ لیکن کیا واقعی آج مساجد اپنا مؤثر کردار ادا کررہی ہیں؟ بڑے افسوس اور دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہرگز نہیں۔ مساجد تو امتِ واحدہ کو تقسیم کرنے اور فرقہ واریت کو فروغ دینے میں استعمال ہو رہی ہیں تو دوسری طرف ناجائز اسلحہ خانوں کے طور پر استعمال ہو رہی ہیں۔ حالیہ سرچ آپریشن کے دوران کئی مساجد سے ناجائز اسلحہ کے ذخائر برآمد ہوئے ہیں اور کئی امام الصلوٰۃ گرفتار بھی کیئے جاچکے ہیں۔

دیکھو اوّل یہودی علماء میں بگاڑ پیدا ہوا تو پھر رفتہ رفتہ بیشتر یہودی بگڑ گئے ہدایت اور روحانیت ان سے اٹھالی گئی۔ پھر یہی کچھ عیسائیوں سے ظہور میں آیا۔ پہلے پادری بگڑے اور پھر ان کی پیروی کرنے والے بیشتر عیسائی بگڑ گئے ان کی عبادت گاہیں اپنے فرائض کی ادائیگی میں ناکام ہونے لگیں۔ ان کی افادیت جاتی رہی گویا ان کا وجود اور عدم وجود دونوں برابر ہوگئے۔ اس عاجز راقم کا مشاہدہ ہے کہ ہمارے معاشرہ میں ایک مسجد کی اذان کی آواز دوسری مسجد تک تو ضرور جاتی ہے لیکن معاشرہ میں امن قائم کرنے سے قاصر دکھائی دیتی ہیں۔ ذرا غور کریں کیا یہ مساجد اسلام کو دوسرے مذاہب پر غالب کرنے کی اہلیت رکھتی ہیں؟ آج امن وعامہ کا یہ عالم ہے کہ کسی اجنبی کو اپنی طرف آتا دیکھ کر کچھ خوف سا آنے لگتا ہے کہ کیا معلوم کیا نیت ہو۔ گولی مارے گا یا دھماکہ سے پھٹ جاویگا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کا کوئی علاج ہے؟ جی ہاں! اس کا علاج ابنِ فارس کی زبان سے سنیئے:۔

’’اے نوجوانو! اب ہم زمانہ کے علماء کا حال بیان کرتے ہیں۔ جن کی طرف بزرگی اور معرفت کو منسوب کیا جاتا ہے ان کی اکثریت اسلام کیلئے بیماری کا حکم رکھتی ہے نہ کہ علاج کا۔ یہ لوگوں کا مال طرح طرح کے حیلے بہانوں سے ہتھیاتے ہیں۔ کہتے ہیں پر کرتے نہیں.....ان کی آراء کمزور، ذہن کند، ہمتیں پست اور عمل برے ہیں۔ تھوڑے سے علم پر مغرور ہوجاتے ہیں جو ان سے اختلاف کرے اس پر زبان طعن دراز کرتے اور مختلف حیلوں سے کفر کے فتوے لگاتے ہیں اور دکھ دیتے ہیں اور مال لوٹ لیتے ہیں۔ بخل ان کی فطرت حسد ان کا شیوا۔ تحریفِ شریعت ان کا دین ہے.... ان کا ذکر اور تسبیح محض دکھاوے کیلئے ہوتا ہے اپنے آپ کو لوگوں کی گردنوں کا مالک سمجھتے ہیں.....ان کے ہاتھ جھوٹے فتوے لکھتے ہیں اور ایک دو درہم ان کے ایمان کو تباہ کرنے کیلئے کافی ہیں وہ لوگوں کو قبول حق سے روکتے ہیں....ان کی خاموشی فرائض کو ترک کرنے کیلئے کافی ہوتی ہے اور جب کلام کرتے ہیں تو اس میں کوئی رعب اور تاثیر نہیں ہوتی....انہیں اسلام کی فتح سے کوئی غرض نہیں۔ خدا کی طرف سے ان کی قسمت میں صرف شور شرابہ ہی ہے.... ان میں کسل اور غفلت بہت بڑھ گیا ہے اور ذہانت اور فراست کم ہوگئی ہے.....اس حال میں کیسے ان سے کسی نصرت دین کی توقع کی جاسکتی ہے۔ تعصب نے انہیں درندہ صفت بنادیا ہے.....ان میں سے ایک فریق جہاد کے نام پر جاہل لوگوں کو تلوار سے گردنیں مارنے پر ابھار رہا ہے چنانچہ وہ ہر اجنبی اور راہ رو کا خون کرتے پھرتے ہیں اور تقویٰ اختیار نہیں کرتے۔‘‘

’’پس ان تمام فرقوں کو چھوڑ دو اور تلاش کرو کہ کہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے کوئی علاج نہ نازل کیا ہو۔ یاد رکھو کہ ان فتنوں کا علاج آسمان میں ہے نہ کہ

لوگوں کے ہاتھوں میں۔ قرآن کریم میں پرانے لوگوں کے قصے پڑھ کر دیکھ لو کہ ان کے بارے میں خدا تعالیٰ کی کیا سنت تھی۔ تم گمراہی اور جہالت اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہو۔ پھر اسلام پر حملے ہو رہے ہیں۔ بلائیں جان ہی نہیں چھوڑ رہیں اور اس طرح طوفان ضلالت میں تمہارے درمیان کوئی خادم دین نظر ہی نہیں آتا۔ حالت یہ ہے کہ لوگ خدا کی نصیحت اور قرآن کی ہدایت کو بھول چکے ہیں اور جو کچھ حدیثوں میں آیا ہے اسے بھی ردّ کر چکے ہیں۔ گمراہ کن عقائد میں عیسائیوں کے ہم زبان بن چکے ہیں۔ انہیں اپنے کھانے پینے اور عیش و عشرت کی زندگی کے علاوہ کسی چیز کی فکر نہیں۔ کیا ان لوگوں سے دین کی اصلاح کی توقع کی جا سکتی ہے؟ کہتے ہیں کہ صرف عیسیٰ علیہ السلام مس شیطان سے پاک ہیں۔ کیا نبی کریم ﷺ مس شیطان سے پاک نہ تھے۔ پس آج حیاتِ عیسیٰ علیہ السلام کے عقیدہ سے بڑا گناہ کوئی نہیں ہے۔ اس عقیدہ کے ذریعہ تم عیسائیوں کی تائید کر رہے ہو۔ تم خود زمانے کی حالت پر غور کرو۔ امت اتنے فرقوں میں بٹ چکی ہے کہ بجز و خدائے رحیم کی عنایات کے ان کا اکٹھا ہونا محال ہے کیونکہ ہر ایک دوسرے کو کافر قرار دے رہا ہے اور اب زبانی بحثوں سے بات جنگ و جدال اور قتال تک جا پہنچی ہے۔

اس حالت میں کیا تم سمجھتے ہو کہ اختلافات کے اتنے بڑے پہاڑوں کو درمیان سے ہٹا کر تم آپس میں صلح کر کے ایک جان ہو کر اسلام کے مخالفین کے سامنے میدان میں آ سکتے ہو۔ ہرگز نہیں۔ تمہیں وہ کام کرنے کی طاقت ہی کیونکر حاصل ہو سکتی ہے جو دراصل خدا کا کام ہے۔ خدا تعالیٰ کی سنت ہے کہ وہ جس امت کی اصلاح کا ارادہ کرتا ہے اسی امت میں سے ایک شخص کو مبعوث کر دیتا ہے۔ لیکن یہ حل علماء اور تمام اقوام کو منظور نہیں۔''

نحنُ انصارُ اللہ میں اشتہار دے کر اپنے کاروبار کو فروغ دیں

For information please e-mail

nahnuansar@gmail.com

or call

416-846-2524



مجلس انصاراللہ کینیڈا کا چھبیسواں سالانہ اجتماع

(محمد جاوید ظریف ۔ قائد اشاعت)

مجلس انصاراللہ کینیڈا کو اپنا چھبیسواں سالانہ اجتماع مورخہ ۱۶، ۱۷ اور ۱۸ ستمبر ۲۰۱۱ بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار حدیقۂ احمد کے مقام پر منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ انصاراللہ کینیڈا کی تاریخ میں یہ پہلا ایسا موقعہ تھا کہ سالانہ اجتماع کسی مسجد کے باہر منعقد ہوا۔ اجتماع کی کامیابی کیلئے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں دعا کی درخواست کے ساتھ ساتھ جملہ انتظامی امور کے سلسلہ میں کئی اجلاسات ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اِس سہ روزہ روحانی اجتماع کے تمام پروگرامز روحانی ماحول میں نہایت کامیابی کے ساتھ انعقاد پذیر ہوئے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ حدیقۂ احمد جماعت کی ذاتی پراپرٹی ہے جسے چند سال قبل جلسہ سالانہ کینیڈا اور دیگر ضروریات کی تکمیل کیلئے خریدا گیا تھا۔ یہ جگہ بریڈفورڈ نامی ایک قصبے میں واقع ہے جو ٹورنٹو سے قریباً ۳۰ کلومیٹر کے فاصلے پر شمال کیطرف ہے۔

پہلا روز، جمعہ ۱۶ ستمبر:

اجتماع کا پہلا دن حسب روایت شوریٰ کیلئے مقرر تھا۔ شوریٰ کی تفصیلی رپورٹ انگلش حصہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

دوسرا دن، ہفتہ ۱۷ ستمبر:

روحانی ماحول میں منعقدہ اجتماع کے دوسرے روز کا آغاز علی الصبح پانچ بجے باجماعت نماز تہجد و نماز فجر کی ادائیگی اور درسِ حدیث رسول مقبولؐ کے ساتھ ہوا۔ نمازیں مسجد بیت الاسلام میں ادا کی گئیں۔ اس کے بعد دوستوں نے حدیقۂ احمد کا رخ کیا۔ جہاں پر ناشتے کا انتظام کیا گیا تھا۔

افتتاحی سیشن:

اجتماع کے دوسرے روز کاروائی کے پہلے سیشن کا آغاز ۱۱ بجے مولانا مبارک احمد نذیر صاحب (مربی انچارج کینیڈا) کی زیر صدارت ہوا۔ آٹواہ سے آئے ہوئے مکرم عبدالشکور نے تلاوت قرآن کریم اور اس کا انگریزی ترجمہ پیش کیا۔ اسکے بعد مولانا ظفر اقبال صاحب (مربی سلسلہ) نے اردو ترجمہ اور مختصر تفسیر پیش کی۔ اسکے بعد تمام حاضرین نے کھڑے ہو کر صدر انصاراللہ، محترم شفقت محمود صاحب کے ساتھ انصاراللہ کا عہد دہرایا۔ میری ٹائم مجلس کے عبدالرزاق قریشی صاحب نے درثمین سے نظم پیش کی اور ساتھ ہی انگریزی ترجمہ پیش کیا

حقِ ہمسائیگی کا ایک دلپزیر پہلو:

اس جگہ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ اِسی دوران حدیقۂ احمد کے پڑوس میں رہنے والی ایک نیک فطرت غیراز جماعت خاتون نے اجتماع کے حاضرین کیلئے اپنی نیک خواہشات کے اظہار کے طور پر خوبصورت پھولوں کے گلدستے بھجوائے۔ صدر صاحب نے اجتماع کی کاروائی کو چند منٹ روک کر اس بات کا اعلان کیا۔

افتتاحی خطاب (مولانا مبارک احمد نذیر صاحب)

مولانا مبارک احمد نذیر صاحب نے مکرم امیر صاحب کینیڈا کی طرف سے حاضرین اجتماع کو خوش آمدید کہا اور سب کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے حضور بنصرہ العزیز کے گذشتہ خطبہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جوں جوں انسان بوڑھا ہوتا ہے اپنی موت کے قریب ہوتا جاتا ہے۔ اِس لئے انصاراللہ کی عمر پر پہنچ کر ہر شخص کا خدا تعالیٰ سے ایک تعلق

ہونا چاہئے۔انہوں نے انصار بھائیوں کو اِس بات پر غور کرنے کیلئے کہا کہ کیا انہوں نے وہ مقصد حاصل کیا جس کی غرض سے اجتماع میں شریک ہوئے۔کیا ہم میں وہ تبدیلی ہے جس کیلئے حضرت مسیح موعودؑ مبعوث ہوئے تھے۔انہوں نے کہا کہ انصار کو چاہئے کہ اپنے بچوں کیلئے پاک نمونہ پیدا کریں۔ہم سب پر بھاری ذمہ داری ہے کیونکہ ہمارے بچے ہماری طرف نمونہ کیلئے دیکھتے ہیں۔انہوں نے اپنا خطاب ختم کرتے ہوئے کہا کہ ایک خادم تو ناصر بننے کا خواب دیکھ سکتا ہے لیکن انصار کیلئے اِس سے آگے کوئی جگہ نہیں بجز اللہ تعالیٰ کے قرب میں ترقی کے۔

دوسری تقریر:

شیخ عبدالودود صاحب (نیشنل سیکریٹری اشاعت کینیڈا) نے کی اور اِس کا موضوع تھا تزکیہ نفس۔انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ انسان کی زندگی کا مقصد اللہ تعالیٰ کا وصال ہے۔آخرین کے اِس دور میں لوگوں کا خدا تعالیٰ سے ایمان اُٹھ گیا ہے۔یہ حضرت مسیح موعودؑ ہی کی ذات ہے جس نے دنیا کو بتایا کہ خدا آج بھی بولتا ہے۔قادیان سے اُٹھنے والا یہ نعرہ آج پوری دنیا میں پہنچ گیا ہے۔حضرت محمدؐ اور آپ کے غلام حضرت مسیح موعودؑ نے اپنی امت اور افرادِ سلسلہ احمدیہ کو بارہا تقویٰ کی تلقین فرمائی۔اِس لیئے ہمارے ہر کام کی بنیاد تقویٰ پر ہونی چاہئے۔اور تقویٰ کی بنیادی شرط تکبر سے بچنا ہے۔دوسری شرط صحبت صالحین ہے۔ان سب باتوں کیلئے تزکیہ نفس کی اشد ضرورت ہے۔تزکیہ نفس کا بہترین ذریعہ نماز ہے۔شیخ صاحب نے اِس مضمون سے تعلق رکھنے والی قرآنی آیات کے حوالے پیش کئے اور حضرت محمد ﷺ اور حضرت مسیح موعودؑ کی زندگی سے کئی واقعات بھی سنائے۔انہوں نے اپنی تقریر کا اختتام حضرت مسیح موعودؑ کی اِس نصیحت پر کیا کہ ''توبہ کی قوت گناہ کی آگ کو بجھا سکتی ہے''۔

بریڈفورڈ کے میئر عزت مآب ڈگ وائٹ کی اجتماع میں آمد اور خطاب:

اِسی دوران بریڈفورڈ کے میئر عزت مآب ڈگ وائٹ اپنی بیٹی کے ہمراہ تشریف لائے۔مکرم کلیم احمد صاحب (نائب امیر کینیڈا) نے میئر صاحب کو حاضرین سے متعارف کروایا اور انہیں حاضرین سے مختصر خطاب کرنے کی درخواست کی۔

میئر ڈگ وائٹ نے اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ وہ اپنی بیٹی جیمی کے ہمراہ اِس اجتماع میں شرکت کر کے بہت مسرور ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا وہ اِس سے بہت خوش ہیں کہ جماعت احمدیہ بریڈفورڈ میں یہ پروگرام منعقد کر رہی ہے۔میں نے آپ کے اور پرگرامز بھی اٹینڈ کئے ہیں۔آپ لوگوں نے اپنے عملی اقدامات سے ثابت کیا ہے ہم سب لوگ ایک ہی ہیں اور ہمارا مقصد محبت اور امن کا پرچار ہے۔انہوں نے اِس امید کا اظہار کیا کہ یہ اجتماع بڑے سے بڑا ہوتا جائے گا اور زیادہ سے زیادہ لوگ اِس میں شرکت کریں گے۔آخر میں انہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ اِس قسم کے پروگرام کے لئے آپکی جماعت کو شہری انتظامیہ سے باقاعدہ اجازت درکار نہیں ہوگی۔

محترم کلیم احمد ملک صاحب نائب امیر کینیڈا کی تقریر:

اِسکے بعد کلیم احمد ملک

صاحب نے اردو زبان میں تقریر کی جس کا عنوان تھا ''حضرت نبی کریمؐ کی مثالی عبادات
